شائع کی گئی ہے'' (جلد ۲، ص ۹)۔ بلاشبہہ یہ پانچ جلدیں مصنف کے خلوص، لگن، تحقیق، محنت اور عزمِ صمیم کا حاصل ہیں۔

مصنف کا اسلوب سادہ اور آسان ہے۔ کتاب خوب صورت اور طباعت و اشاعت معیاری ہے۔ درحقیقت یہ ایک مستقل زیرِ مطالعہ رکھنے والی کتاب ہے۔ (رفیع الدین ہاشمی)

**حیاتِ انبیاؑ**، تالیف: محمد اقبال مرزا۔ ملنے کا پتا: دارِحمزہ، CB-18 /1 سرسیّد کالونی، نیو گدوال، واہ کینٹ۔ فون: ۴۹۰۹۲۳۸-۰۵۱۔ صفحات: ۲۲۴۔ قیمت: ۲۵۰ روپے۔

مؤلف کو اپنی ملازمت کے دوران لندن میں کچھ عرصہ قیام کا موقع ملا۔ وہاں عیسائیوں سے بحث مباحثے کے دوران انھیں محسوس ہوا کہ عیسائیت کے بارے میں اِن کا علم محدود ہے، جب کہ عیسائی بھی اسلام کے بارے میں بہت کم جانتے ہیں۔ چنانچہ انھوں نے قرآن، بائبل اور جدید سائنس کی روشنی میں مطالعہ و تحقیق کے بعد مذکورہ کتاب مرتب کرنے کا فیصلہ کیا۔ یہ کتاب حضرت آدمؑ سے لے کر حضرت اسماعیلؑ و حضرت اسحاقؑ تک کے تذکرے پر مبنی ہے۔ قرآن اور بائبل کے حوالوں اور تقابلی مطالعے کے ساتھ ساتھ جدید سائنس اور آثارِ قدیمہ کے شواہد بھی پیش کیے گئے ہیں۔ اس طرح یہ جہاں اسلام اور عیسائیت کے حوالے سے تقابل ادیان کے لیے مفید مطالعہ ہے، وہاں جدید معلومات نے اس کتاب کو مزید دل چسپی کا باعث بنا دیا ہے۔ تقابل ادیان کے ساتھ ساتھ دعوتی مقاصد کے لیے مفید کتاب۔ (امجد عباسی)

**فکرِ سیاسی کی تشکیلِ جدید**، ڈاکٹر معین الدین عقیل۔ ناشر: مکتبہ تعمیر انسانیت، غزنی سٹریٹ، اُردو بازار، لاہور۔ فون: ۳۷۲۳۵۰۰-۰۴۲۔ صفحات: ۹۳۔ قیمت (مجلد): ۱۸۰ روپے۔

قوموں کی تعمیر و تخریب تخت نشینوں کے ہاتھوں ہوتی ہے۔ یہ عجیب بات ہے کہ ہر برسرِ اقتدار گروہ نے راج تو کیا سیاست کی بساط پر، مگر جو تخت کی بارہ دری سے باہر ہے اسے کہا: ''سیاست گندا کھیل ہے'' یا ''تمھارا کیا کام سیاست سے؟''

ڈاکٹر معین الدین عقیل نے اس مختصر سی کتاب میں، ہماری قومی زندگی کے حوالے سے اہم فکری، سیاسی اور تہذیبی لوازمہ فراہم کیا ہے۔ انھوں نے اس مطالعے کو سرسیّد احمد خاں اور